نصر من اللہ و فتح قریب لا فتی الا علی لا سیف الا ذو الفقار

Rampur State Gazette

گزٹ ریاست رامپور

بحکم بندگان اعلحضرت حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

نمبر ۱۲	مطبوعہ روز دوشنبہ تاریخ ۲۷ شعبان المعظم ۱۳۴۳ھ مطابق ۲۳ مارچ ۱۹۲۵ء	جلد ۳۷

فہرست مضامین

نمبر سلسلہ	خلاصۂ مضمون	نمبر صفحہ
۱	مدت وصول زرحوالی از خزانہ	۱و۲
۲	رخصت [illegible] ذات خاص	۲
۳	〃 محمود آقا جان صاحب	〃
۴	〃 علاء الدین خانصاحب ایل سی	〃
۵	تبادلۂ اکبر حسین خان بکرتولی و احمد حسین خان در حوالی شہر	〃
۶	تقرر سلیمان حسین	〃
۷	تقرر و [illegible] کمیٹی سود	〃
۸	رخصت ڈاکٹر شفاخانہ سوار	〃
۹	اضافہ ماسٹران اسکول	〃
۱۰	مستقلی ماسٹر	۳

روبکار اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم واقع ۷ مارچ سنہ ۱۹۲۵ء

اجلاس ہمایون سے جو حساب بحکم بجرائی ہوکر خزانہ بھیجے جاتے ہین اُنمین سے بعض حساب اسوجہ سے زیر تعمیل خزانہ مین پڑے رہتے ہین کہ جن لوگونکا یافتنی روپیہ ہوتا ہے وہ خزانہ سے جلد وصول نہین کرتے۔ لہٰذا شہر کے واسطے پندرہ دن کی مدت اور مفصلات کیواسطے ایک ماہ کی مدت قرار دیجاتی ہے کہ اس عرصہ مین جسکا روپیہ یافتنی ہو وہ خزانہ سے وصول کرلین

بعد انقضائے مدت دیوان صدر ایسے حسابات اجلاس ہمایون مین واپس کردیا کرین تاکہ اجلاس سے آخر حکم مناسب صادر ہوسکے۔

۲ - سال جب ختم ہوجائے اور بعض حسابات اندر سال پڑنے سے رہجائین تو شروع سال پر تجدید حکم کے لئے دیوان صدر ایسے حسابات کو اجلاس ہمایون مین بھیجدیا کرین۔

حکم ہوا کہ

ایک ایک نقل اس حکم کی جملہ صاحبان سکریٹری بہادر اور صاحب برگیڈ کمانڈر بہادر کے پاس مرسل ہو۔ کہ اپنے صیغون مین حسابات خزانہ سے جلد وصول کرلین۔ اور تکمیل طلب ہون تو انکی تکمیل کے لئے احکام جاری کردین۔ ایک نقل دیوان صدر کے پاس بھیجی جائے دیوان صدر وقتاً فوقتاً ادارہ جنونیسون کے پاس ایسے حسابات کو جو زیر تعمیل ہون دیکھتے رہین اور جس تکمیل کی انھین ضرورت ہو تکمیل کرالیا کرین۔ اصل روبکار اجلاس ہمایون مین رہے۔ سررشتہ صدر سے احکام جاری ہون۔ اور درج گزٹ ہون۔

(دستخط)

ملخص احکام اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم

رخصت

۹ مارچ ۱۹۲۵ء

حسب رپورٹ صاحب پرائیوٹ سکریٹری بہادر۔ مزید رخصت تین ماہ بنواری لال منیجر کمیٹی جائداد ذات خاص کی بانتظام سابقہ بغرض علاج چشم منظور فرمائی گئی۔

۱۰ مارچ ۱۹۲۵ء

حسب درخواست۔ محمد آغا جان صاحب ملازم مصاحبان کی ایک ہفتہ کی رخصت بغرض روانگی مقام بدایون بضرورت پیشی مقدمہ منظور فرمائی گئی۔

۱۰ مارچ ۱۹۲۵ء

حسب عرضداشت صاحب ملٹری سکریٹری بہادر۔ لفٹنٹ محمد علاء الدین خان اے ڈی سی کی رخصت یکماہ ۱۰ مارچ ۱۹۲۵ء سے بضرورت امور خانگی منظور فرمائی گئی۔

ملخص احکام اجلاس صاحب ہوم سکریٹری بہادر

تبادلہ

۱۷ مارچ ۱۹۲۵ء

حسب تحریر صاحب سپرنٹنڈنٹ بہادر پولیس۔ کلب حسن خان سب انسپکٹر

انچارج حوالی شہر کی انچارجی بوجہ خرابی کار سرکو منسوخ کرکے کوتوالی مین افسر دوئمی پر تبدیل کئے گئے۔ اور انکی بجائے احمد حسین خان سب انسپکٹر حوالی شہر مین بکار انچارجی چھ مہینے کے واسطے امتحاناً تعینات ہوئے۔

تقرر

۱۷ مارچ ۱۹۲۵ء

حسب رائے صاحب سپرنٹنڈنٹ بہادر پولیس۔ سید سلطان حسین سکندر دوئم تقرر بعہدہ ہیڈ کانسٹبلی ملٹری لشاہرہ پندرہ روپیہ ماہوار بجائے ضیاء الدین ہیڈ کانسٹبل مستعفی منظور کیا گیا۔

روبکار اجلاس صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر واقع ۹ مارچ ۱۹۲۵ء

صاحب ڈسٹرکٹ وسشن جج اندر پرشاد کی درخواست پر رپورٹ کرتے ہین کہ سالگرام ممبر کمیٹی سود کا انتقال ہوگیا۔ اندر پرشاد ولد مسیح چودھری بلدیو داس کا اگر ممبر کمیٹی سود کی جگہ تقرر ہوجائیگا تو کام بسہولت کرینگے۔ لہذا حسب سفارش صاحب ڈسٹرکٹ وسشن جج بجائے سالگرام متوفی ممبر کمیٹی سود کی اندر پرشاد مذکور کا تقرر ممبر کمیٹی سود پر کیا جائے۔

حکم ہوا کہ

احکام ضابطہ جاری ہون۔ اور درج گزٹ ہو۔

(دستخط)

ملخص احکام اجلاس صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

رخصت

۹ مارچ ۱۹۲۵ء

ڈاکٹر محمد بخش متعلقہ شفاخانہ سوار کی رعایتی رخصت یکماہ ۱۵ مارچ ۱۹۲۵ء سے منظور ہوئی۔ ایام رخصت مین پیارے لال کمپونڈر شفاخانہ سوار خدمتی کا انچارج رہیگا۔ اور اسکو پانچ روپیہ ماہوار الاونس دیا جائیگا۔

اضافہ

۵ مارچ ۱۹۲۵ء

حسب سفارش ہیڈ ماسٹر صاحب ہائی اسکول ماسٹر مولچند شاہرہ دس روپیہ ماہوار کی تنخواہ مین دو روپیہ ماہوار اضافہ منظور ہوا۔

مستقلی

۱۰ مارچ ۱۹۲۵ء

ماسٹر عطیہ شاہ خان ملازم ہائی اسکول انگریزی کو موجودہ تنخواہ بائیس روپیہ ماہوار پر ۲۳ مارچ ۱۹۲۵ء سے مستقل کیا گیا۔

غلطی نامہ

قول ثانی	التوحید	صفحات مطبوعہ	سرکاری	منصرم صاحب کتب خانہ

نقشہ نرخنامہ اجناس متعلقہ ریاست رامپور من ابتدائے ۱۶ لغایت ۲۳ مارچ سنہ ۱۹۲۵ء

نام جنس	حضور تحصیل	شاہ آباد	ملک	بلاسپور	سوار	ٹانڈہ	کیفیت
گندم				۵۰ار	۵۰ار	۵۰ار	دیگر تحصیلات سے نقشہ نہیں آیا۔
نخود خالص				۷ار	۷۰ار	۹ار	
نخود کس آمیز				۷ار	۰	۹۰ار	
کسیر				۷۰ار		۱۰ار	
ماش				۵۰ار	۶ار	۵۰ار	
مونگ				۰	۰	۵ار	
مکا				۵ار	۸ار	۸ار	
جئی				۰	۰	۱۲ار	
گوجئی					۰	۸ار	
مسور				۰	۰	۶۰ار	
ارہر				۰	۰	۸ار	
برنج				۴۰ار	۰	۴۰ار	
روغن زرد				۲ چھٹانک	۰	۲ چھٹانک	
روغن سیاہ				[illegible]	[illegible]	[illegible]	
روغن کنجد				۳ار	۱ار	۲ار	
نمک سانبھر				۱۰ار	۱۱ار	۱۱ار	
نمک لاہوری				۵ار	۰	۶ار	
قند سیاہ				۴۰ار	۵ار	۴ار	
باجرہ				۰	۰	۰	

مطبوعہ سرکاری پریس ریاست رامپور